# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

**MOST URGENT**

نمبر **107** - رجسٹریشن اینڈ ایڈمشن سیل

مورخہ **09-04-2015**

(رجسٹرڈ)

بجانب:

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
(سکولز / ہائیر سیکنڈری سکولز)
واقع حدود بہاول پور بورڈ۔

عنوان:۔ **جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن 17-2015ء میں داخلہ / رجسٹریشن اور آن لائن ڈیٹا انٹری کا شیڈول۔**

جملہ متعلقین کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین نے جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن 17-2015ء میں داخلہ / رجسٹریشن (آن لائن ڈیٹا انٹری اور ترسیل) کا درج ذیل شیڈول جاری کیا ہے۔ سرکاری تعلیمی اداروں کے طلباء / طالبات رجسٹریشن فیس سے مستثنٰی ہونگے تاہم پروسیسنگ فیس وصول کی جائیگی۔

| نمبر شمار | شیڈول | اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری / کوائف کی فیڈنگ، بنک میں فیس جمع کرانے، آن لائن / کمپیوٹرائزڈ اصل بنک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں جمع کرانے کی تاریخ۔ |
|---|---|---|
| i | بغیر لیٹ فیس کے آخری تاریخ۔ | **یکم اپریل 2015ء تا 20۔مئی 2015ء** |
| ii | -/500 روپے لیٹ فیس فی طالب علم (جو بورڈ کے کھاتے میں جمع ہوگی) کے ساتھ آخری تاریخ۔ | **21۔مئی 2015ء تا یکم جون 2015ء** |
| iii | رجسٹریشن فیس | -/800 روپے فی طالب علم / طالبہ |
| iv | پروسیسنگ فیس | -/395 روپے فی طالب علم / طالبہ |
| v | On line سسٹم کے تحت مورخہ **01-06-2015** تک رجسٹریشن ریٹرن کی آن لائن فیڈنگ اور ہارڈ کاپی کی پرنٹنگ کا کام مکمل کیا جائے۔ واضح رہے کہ آن لائن فیڈنگ کیلئے سابقہ User Name اور Pasword ہی استعمال کیا جائیگا۔ | |
| vi | مورخہ **01-06-2015** کے بعد جماعت نہم میں داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔ | |
| vii | جماعت نہم کی آن لائن رجسٹریشن کیلئے "ب" فارم لازمی ہے۔ | |
| viii | طلباء / طالبات کی مینول رجسٹریشن ریٹرن ہرگز قابل قبول نہ ہوگی۔ | |

## (1) قواعد / ہدایات برائے آن لائن ڈیٹا انٹری، ترسیل ہارڈ کاپی رجسٹریشن ریٹرن و فیس چالان / کوائف طلباء / طالبات۔

(i) اپنے ادارہ میں داخل طلباء / طالبات کے کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری / رجسٹریشن ریٹرن کی فیڈنگ کے بعد رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع ترسیلی لیٹر اور فیس چالان (رجسٹریشن فیس و پروسیسنگ فیس) ارسال کریں۔ واضح رہے کہ ترسیلی لیٹر (Forwarding Letter) کا پروفارمہ بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk پر موجود ہے۔

(جاری ہے)

(ii) شیڈول ہذا میں دی گئی تواریخ کے مطابق بہرصورت عملدرآمد کیا جائے۔امیدواران کی رجسٹریشن و پروسیسنگ فیس بنک میں جمع نہ کرانے اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی وفیس چالان دفتر ہذا میں نہ پہنچنے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ-/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ-/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ (سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ یہ جرمانہ پورے ادارے کی رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور اصل فیس چالان موصول نہ ہونے کی صورت میں بھی واجب الادا ہوگا اور ایک طالب علم کی رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور اصل فیس چالان وصول نہ ہونے پر بھی واجب الادا ہوگا یہ جرمانہ ناقابل معافی ہوگا اور نہ ہی اس بارے اپیل کی جاسکے گی۔

(iii) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ہر صفحہ پر سربراہ ادارہ کے دستخط و مہر ثبت ہونا ضروری ہے بصورت دیگر مبلغ-/300 روپے فی صفحہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا نیز رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی پر درستگی کیلئے سربراہ ادارہ کا (مع سکول سٹمپ) دفتر ہذا میں آنا ضروری ہے واضح رہے کہ اس سلسلہ میں TA/DA کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔

(iv) جماعت نہم میں آن لائن داخلہ اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی ارسال کرنے کے بعد اگر کوئی طالب علم/طالبہ کسی وجہ سے ادارہ سے خارج ہو جائے یا ادارہ چھوڑ جائے تو دس یوم کے اندر اندر اس کی تحریری اطلاع رجسٹریشن اینڈ ایڈمشن سیل (بورڈ ہذا) کو بھیجنا ضروری ہے۔ واضح رہے کہ مورخہ 30-10-2015 کے بعد موصولہ لیٹر مسترد شدہ متصور ہوگا۔

(v) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی میں سکول ریکارڈ/ داخل خارج رجسٹر کے مطابق (نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، سپیلنگ، تاریخ داخلہ، مذہب، حافظ، ب فارم نمبر، CNIC نمبر، فون نمبر اور ایڈریس) میں درستگی کیلئے مبلغ -/300 روپے فی غلطی اور فی طالب علم/طالبہ کے حساب سے ادائیگی (فیس چالان) کے ساتھ مورخہ 15-10-2015 تک یا اس سے قبل درخواست گزاری جاسکتی ہے اس کے بعد کوئی درستگی نہیں ہوگی اور موصولہ درخواست منسوخ شدہ متصور ہوگی۔ نیز مطلوبہ درستگی کیلئے داخل خارج رجسٹر (رجسٹر مکمل تصدیق شدہ ہو اور اس پر کٹنگ، فلیوڈ، اوور رائٹنگ نہ ہو) کے متعلقہ صفحات کی مصدقہ نقول مع اصل داخل خارج رجسٹر مقررہ تاریخ مورخہ 15-10-2015 تک یا اس سے قبل شعبہ ہذا (رجسٹریشن اینڈ ایڈمشن سیل) میں چیک کرائیں۔ بصورت دیگر مقررہ تاریخ کے بعد دفتر ہذا میں موجود کوائف کے مطابق ہی طلباء/طالبات کو رجسٹریشن نمبر جاری کر دیئے جائیں گے۔

(2) <u>آن لائن رجسٹریشن ریٹرن میں اندراج/امتحانی داخلہ فارم کی منسوخی۔</u>

شیڈول داخلہ کے مطابق آن لائن رجسٹریشن ریٹرن میں شامل نہ کیے جانے والے طلباء/طالبات کو جماعت نہم کے امتحان میں بطور ریگولر امیدوار شرکت کی اجازت نہ ہوگی اور ایسے طلباء/طالبات کے داخلہ فارم بطور ریگولر امیدوار برائے امتحان جماعت نہم مسترد شدہ متصور ہونگے۔

(3) NOC کی بنیاد پر داخلہ۔

دوسرے بورڈز سے دوران تعلیم NOC حاصل کر کے/مائیگریٹ ہو کر آنے والے طلباء/طالبات کا بطور ریگولر امیدوار جماعت نہم/دہم میں داخلہ متعلقہ بورڈ سے NOC کے اجراء کے بعد 45 یوم کے اندر کیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد NOC کی بنیاد پر کسی امیدوار کو داخل نہیں کیا جاسکتا۔ تاریخ داخلہ کے بعد دس یوم کے اندر آن لائن سسٹم کے تحت رجسٹریشن ریٹرن میں امیدوار کے کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد اپنے ادارہ کے ترسیلی لیٹر کے ہمراہ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، اصل NOC، رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقل، سکول لیونگ سرٹیفکیٹ کی مصدقہ کاپی (موجودہ سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ ہو) اور مجوزہ رجسٹریشن و پروسیسنگ فیس کا اصل بنک چالان بورڈ ہذا (رجسٹریشن اینڈ ایڈمشن سیل) کو ارسال کریں درج بالا دستاویزات تاخیر سے ارسال کرنے/جمع کرانے پر بورڈ قواعد کے مطابق پہلے ماہ مبلغ-/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ-/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ (سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ مطلوبہ دستاویزات پر کٹنگ یا فلیوڈ استعمال کیے جانے یا نامکمل ہونے کی صورت میں متعلقہ امیدوار کو رجسٹریشن نمبر الاٹ نہیں کیا جائے گا۔

(جاری ہے)

(4) بورڈ کی حدود میں ایک سکول سے دوسرے سکول میں مائیگریشن۔

بورڈ کی حدود میں واقع ایک سکول سے دوسرے سکول میں مائیگریشن کیلئے طلباء/طالبات UBL بورڈ برانچ اور بورڈ کی ویب سائٹ پر مہیا کردہ مجوزہ مائیگریشن درخواست فارم حاصل کریں اور مبلغ -/1000 روپے مائیگریشن فیس بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروائیں گے۔ ویب سائٹ سے فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کی صورت میں درخواست فارم کی قیمت مبلغ -/50 روپے بھی ساتھ ہی جمع کروانا ہوگی۔ مائیگریشن درخواست فارم کے تمام کالم پُر کیے جائیں نیز فارم کی پشت پر درج شدہ ہدایات کے مطابق مائیگریشن سلپ حاصل کریں۔ طلباء/طالبات مائیگریشن سلپ کے اجراء کے بعد پندرہ (15) یوم کے اندر نئے سکول میں داخلہ حاصل کرنے اور مائیگریشن سلپ کی اصل کاپی سکول میں جمع کرانے کے پابند ہونگے۔ نئے سربراہ ادارہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ مائیگریٹیڈ طالب علم/طالبہ کو اپنے ادارہ میں فوری طور پر داخل کرنے کے بعد مائیگریشن سلپ سے منسلکہ مائیگریشن ریٹرن کے متعلقہ کالم میں تاریخ داخلہ کا اندراج کر کے تصدیق شدہ مائیگریشن ریٹرن مع ترسیلی لیٹر دس یوم کے اندر دفتر ہذا (رجسٹریشن اینڈ ایڈمشن سیل) کو ارسال کریں تاخیر کی صورت میں پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ (سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔ جماعت نہم سالانہ 2015ء میں شامل امتحان ہونے والے امیدواران رزلٹ کی اشاعت کے بعد سکول ٹو سکول مائیگریشن کرواسکتے ہیں۔ واضح رہے کہ لوکل مائیگریشن پر مکمل پابندی ہے نیز جماعت نہم و دہم میں زیرتعلیم طلباء/طالبات ڈبل فیس کے ساتھ آن لائن سسٹم کے تحت امتحانی داخلہ فارم بورڈ آفس میں جمع کرانے کی آخری تاریخ تک یا اس سے قبل مائیگریشن کرواسکتے ہیں اس کے بعد مائیگریشن کی اجازت نہیں ہوگی اور مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والا مائیگریشن فارم منسوخ متصور ہوگا۔

(5) بیرون ملک سے آمدہ کیس۔

بیرون ملک سے کسی گورنمنٹ یا پرائیویٹ منظور شدہ تعلیمی ادارہ سے سرٹیفکیٹ لیکر آنے والے امیدواران اپنے کوائف پاکستانی سفارتخانہ/منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق کے بعد دوران سال/امتحان سے 30 یوم قبل تک کسی بھی وقت داخلہ لے سکتے ہیں تاہم ترسیل ریٹرن کی دیگر شرائط و جرمانہ درج بالا شق نمبر 3 کے مطابق ہونگے۔ نیز ایسے امیدواران بورڈ ہذا میں رائج سکیم آف سٹڈیز/قواعد ضوابط کے مطابق امتحان میں شمولیت کے پابند ہونگے۔

(6) مضمون/مضامین/گروپ کی تبدیلی۔

سربراہ ادارہ کسی بھی طالب علم/طالبہ کے مضمون کی تبدیلی کی درخواست مبلغ -/500 روپے فی مضمون اور گروپ تبدیلی کی صورت میں مبلغ -/2000 روپے گروپ تبدیلی فیس کے حساب سے بنک چالان کے ساتھ مورخہ 15-10-2015 تک یا اس سے قبل جمع کرواسکتے ہیں اس کے بعد مضمون یا گروپ ہرگز تبدیل نہ ہوگا۔ اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول شدہ درخواست/لیٹر منسوخ متصور ہوگا۔

(7) جماعت نہم برائے گذشتہ تعلیمی سیشن 16-2014ء کے طلباء/طالبات کا آن لائن داخلہ اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کی ترسیل۔

(i) ایسے طلباء/طالبات جو گذشتہ تعلیمی سیشن 16-2014ء میں کسی تعلیمی ادارہ میں جماعت نہم میں داخلہ/رجسٹریشن کے بعد بطور ریگولر زیرتعلیم رہے ہیں لیکن بیماری یا کسی اور مجبوری کی وجہ سے جماعت نہم امتحان سالانہ 2015ء کیلئے ان کا داخلہ فارم سکول انتظامیہ نے بورڈ آفس میں آن لائن جمع نہیں کروایا تھا اور وہ اب سکول میں دوبارہ زیرتعلیم ہیں۔ ایسے طلباء/طالبات کو دیگر فریش امیدواران کی کیٹیگری میں شمار کرتے ہوئے ان کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع رجسٹریشن و پروسیسنگ فیس بمطابق مجوزہ شیڈول داخلہ بورڈ ہذا کو ارسال کریں۔ تاخیر کی صورت میں بورڈ قواعد کے مطابق پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ (سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔

(ii) واضح رہے کہ تعلیمی ادارہ جات میں زیرتعلیم ایسے طلباء/طالبات جنہیں جماعت نہم سالانہ امتحان 2014ء یا 2015ء کیلئے بورڈ ہذا سے رولنمبر سلپ جاری ہوئی تھی لیکن بیماری یا کسی اور مجبوری کی وجہ سے جماعت نہم کے امتحان میں شمولیت نہیں کر سکے یا جماعت نہم کے امتحان میں شمولیت کے بعد کسی ایک مضمون/مضامین میں فیل یا غیر حاضر ہوئے ہیں انھیں فریش امیدواران کی کیٹگری میں شامل/داخل نہ کیا جائے بلکہ جماعت نہم کے نتائج کی اشاعت کے بعد دفتر ہذا سے جاری شدہ مجوزہ ری ایڈمشن نوٹیفکیشن کے مطابق جماعت نہم میں ری ایڈمٹ کر کے امیدواران کے کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد ری ایڈمشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر ہذا کو ارسال کی جائیگی۔

(جاری ہے)

(8) جماعت نہم میں داخلہ/رجسٹریشن کیلئے کم از کم عمر کی حد۔

جماعت نہم میں داخلہ کرتے وقت طالب علم/طالبہ کی عمر یکم اگست 2015ء کو 12 (بارہ) سال ہونی چاہیئے۔ یعنی جس طالب علم/طالبہ کی تاریخ پیدائش یکم اگست 2003ء یا اس سے پہلے کی ہے وہ نہم کلاس برائے تعلیمی سیشن 17-2015ء میں داخلہ/رجسٹریشن کا اہل ہوگا۔

(9) سربراہان ادارہ جات (سکول انتظامیہ) مذکورہ بالا شیڈول داخلہ/رائج الوقت بورڈ قواعد کے مطابق ہی طلباء/طالبات کو جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن 17-2015ء میں داخل کر کے آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی ومطلوبہ دستاویزات ارسال کریں اور دیگر امور کی تکمیل کریں۔ واضح رہے کہ شیڈول داخلہ/بورڈ قواعد کے برعکس طلباء/طالبات کو جماعت نہم میں داخلہ دینے، رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں بھجواتے اور دیگر امور کی تکمیل کے بعد طلباء/طالبات یا ان کے والدین کی جانب سے کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں بورڈ ہذا ذمہ دار نہ ہوگا بلکہ اس کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ (سکول انتظامیہ) پر عائد ہوگی۔

(10) سکول ٹو سکول مائیگریشن، درستگی کوائف اور تبدیلی مضمون/گروپ یا اس سلسلہ میں بورڈ سے خط و کتابت کے دوران متعلقہ طالب علم/طالبہ کا کلاس رولنمبر، آن لائن رجسٹریشن فارم نمبر/سٹوڈنٹ ID نمبر بہرصورت تحریر کریں۔ نیز دفتر ہذا سے ہمہ قسم کی خط و کتابت کیلئے اپنے ادارہ کے لیٹر پیڈ پر مکمل تفصیل کے ساتھ ترسیلی لیٹر تحریر کریں اور لیٹر پر ڈسپیچ نمبر مع تاریخ لازماً درج کریں۔

(11) اپنے تعلیمی ادارہ کے لیٹر پیڈ پر ویب ایڈریس اور فون/موبائل نمبر کا اندراج بہرصورت کریں۔

**نوٹ:** شیڈول ہذا بورڈ کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے جسے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے نیز آن لائن داخلہ/رجسٹریشن اور تواریخ کے شیڈول سے متعلق ہمہ قسم کی اہم اور فوری نوعیت کی معلومات کیلئے بورڈ کی ویب سائٹ (www.bisebwp.edu.pk) روزانہ وزٹ/ملاحظہ کرتے رہیں تاکہ آپ (سکول انتظامیہ) کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

**سیکریٹری**

9/4/15

کاپی برائے اطلاع/ضروری کاروائی۔

(1) سیکریٹری صاحبان، تعلیمی بورڈز پنجاب۔

(2) ای ڈی او (ایجوکیشن) ضلع بہاولپور، بہاولنگر، رحیم یار خاں۔

(3) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاولپور (برائے اشاعت)۔

(4) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاولپور (برائے نشریات)۔

(5) داخلی تقسیم۔

(6) شیڈول فائل۔